# Meeting of the BRICS High Representatives Responsible for National Security

August 24, 2021

## قومی سلامتی کے ذمہ دار برکس ممالک کے اعلیٰ نمائندوں کی میٹنگ

24 اگست، 2021

1- قومی سلامتی کے مشیر جناب اجیت دوول، کے سی نے منگل، 24 اگست 2021 کو ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے قومی سلامتی کے ذمہ دار برکس ممالک کے اعلی نمائندوں کی 11 ویں میٹنگ کی میزبانی کی۔

2- اس میٹنگ میں وفاقی جمہوریہ برازیل کے وزیر مملکت اور برازیل کے صدارت کی ادارہ جاتی سلامتی کابینہ کے سربراہ عالی جناب جنرل آگسٹو ہیلینو ربیرو پریرا نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ روسی فیڈریشن کی سلامتی کونسل کے سکریٹری عالی جناب جنرل نکولائی پتروشیف اور سی پی سی سنٹرل کمیٹی کے فارن افیئرز کمیشن کے دفتر کے ڈائریکٹر اور سی پی سی سنٹرل کمیٹی کے پولیٹیکل بیورو اور رکن جناب یانگ جیچی نے بھی شرکت کی۔ مزید برآں اس میٹنگ میں جمہوریہ جنوبی افریقہ کی ریاستی سلامتی کے نائب وزیر عالی جناب نسیدوسو گود انیف کودوا نے بھی شرکت کی۔

3- ہندوستان اس سال برکس کی صدارت سنبھالے ہوئے ہے جو کہ برکس گروپنگ کا 15 واں سالگرہ بھی ہے۔ اعلیٰ نمائندوں کی میٹنگ برکس ممالک کے سربراہان کے اجلاس سے پہلے ہوئی ہے جس کی میزبانی بھارت اس سال وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی صدارت میں کرے گا۔

4- قومی سلامتی کے ذمہ دار اعلیٰ نمائندوں کی ملاقاتیں برکس ممالک کے درمیان سیاسی اور سیکورٹی امور پر خیالات کے تبادلے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر ابھری ہیں۔ آج کے اجلاس میں علاقائی اور عالمی سیاسی اور سیکورٹی منظر نامے کا جائزہ لیا گیا خاص طور پر افغانستان، ایران، مغربی ایشیا اور خلیج میں موجودہ پیش رفت اور قومی سلامتی کے لیے ابھرتے ہوئے خطرات جیسے سائبر سیکیورٹی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایجنڈے میں شامل دیگر امور قانون نافذ کرنے والے اداروں، ہیلتھ سیفٹی اور ہیلتھ کیئر اور انسداد دہشت گردی کے درمیان تعاون کے امور شامل تھے۔ بھارت نے سرحد پار دہشت گردی اور لشکر طیبہ اور جیش محمد جیسے گروہوں کی سرگرمیوں کا مسئلہ اٹھایا جنہیں ریاستی سپورٹ حاصل ہے، اور جو کہ امن وسلامتی کے لیے خطرہ ہیں۔

5- 2020 میں 12 ویں برکس لیڈرز سمٹ میں برکس انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی کو اپنانے کی پیروی کے طور پر، جسے وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی تجویز پر اپنایا گیا تھا، اعلی

نمائندوں نے برکس انسداد دہشت گردی ایکشن پلان کو اپنانے اور سفارش کرنے پر عمل کیا۔ اس ایکشن پلان کا مقصد دہشت گردی کی مالی معاونت اور اس کا مقابلہ کرنے، دہشت گردوں کے ذریعہ انٹرنیٹ کے غلط استعمال، دہشت گردوں کے سفر پر روک لگانے، سرحد کنٹرول، سافٹ ٹارگیٹ کا تحفظ، معلومات کے تبادلے، صلاحیت سازی اور علاقائی اور بین الاقوامی تعاون جیسے شعبوں میں تعاون کے موجودہ میکانزم کو مزید مضبوط بنانا ہے۔

6۔ خطے میں منشیات کی غیر قانونی پیداوار اور اسمگلنگ کے بڑھتے ہوئے خطرے پر کافی توجہ دی گئی۔ اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ برکس ممالک میں متعلقہ ایجنسیاں اس شعبے میں اپنا تعاون بڑھائیں گی۔ کووڈ-19 وبائی مرض سے پیدا ہونے والے نئے چیلنجوں کی روشنی میں صحت کی حفاظت اور صحت کی دیکھ بھال کو برکس کے اندر تعاون کے ترجیحی شعبے کے طور پر بھی مانا گیا۔

7۔ سائبر سیکورٹی کے شعبے میں، معلومات کے شیئر کرنے اور بہترین طریقوں کے تبادلے، سائبر جرائم کا مقابلہ کرنے اور صلاحیت سازی کے ذریعے تعاون بڑھانے کی مشترکہ کوششوں کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ بھارت نے اس سے قبل اگست 2021 میں ڈیجیٹل فرانزکس پر برکس ورکشاپ کی میزبانی کی تھی۔

**نئی دہلی**

**24 اگست، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.